12-08-2024 Monday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تلنگانہ بل الخصوص ورنگل میں ٹکسٹائل پارک میں سرمایہ کاری کے لئے کوریائی کمپنیوں کو مدعو کیا ہے۔

۲۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت ،متحدہ ضلع ورنگل اورنلاکنڈہ پلی میں بڑے بدھسٹ مقام کو سیاحتی مرکز کے طور پر ترقی دے گی۔

۳۔سپریم کورٹ نے ٹی آر ایس کے ایم ایل سی کویتا کی عبوری ضمانت کی درخواست مسترد کردی ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ کی چیف سکریٹری شانتی کماری نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ قلعہ گولکنڈہ میں یوم آزادی تقاریب کے لئے ٹھوس انتظامات کئے جائیں۔

☆☆☆

تلنگانہ کی چیف سکریٹری شانتی کماری نے آج قلعہ گولکنڈہ کا دورہ کرتے ہوئے یوم آزادی تقاریب کے لئے کئے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ اس سلسلہ میں بھرپور انتظامات کئے جائیں۔ چیف سکریٹری نے محکمہ پولیس کو ہدایت دی کہ مناسب بندوبست‘ سکیوریٹی اورٹریفک انتظامات کئے جائیں تاکہ عوام کو کسی طرح کی مشکل نہ ہو۔تمام محکموں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ باہمی تعاون سے کام کرتے ہوئے یوم آزادی تقریب کو بڑے پیمانہ پر منعقد کرنے کو یقینی بنایا جائے۔اس سال یوم آزادی تقاریب کی سب سے اہم خصوصیت کلچرل گروپوں کی شرکت ہوگی جو تلنگانہ کی تہذیب کو اجاگر کریں گے۔محکمہ ثقافت کے ڈائرکٹر ہری کرشنا نے کہا کہ آرٹس کے مختلف گروپوں سے تعلق رکھنے والے ایک ہزار سے زائد آرٹسٹ‘ گولکنڈہ قلعہ میں منعقد ہونے والی یوم آزادی تقریب میں حصہ لیں گے۔

☆☆☆

حیدرآباد کے ضلع کلکٹر انودیپ اور معذورین کی بھلائی کے محکمہ کی ڈائرکٹر شیلجا نے کہا ہے کہ نشیلی دواوں سے نہ صرف انفرادی طور پر لوگوں کی صحت پر اثر پڑتا ہے بلکہ ان کے خاندان اور سماج بھی تباہ ہوجاتا ہے‘لہذا ہر شخص کو ملک کو نشہ سے پاک بنانے کے لئے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ان عہدیداروں نے حیدرآباد میں واقع گورنمنٹ بوائز اردو میڈیم گولکنڈہ میں منعقدہ ’نشہ مکت بھارت ابھیان‘ پروگرام میں شرکت کی۔اس موقع پر طلبہ کو’’نشہ سے پاک ہندوستان‘اورنشہ سے پاک تلنگانہ‘‘ کا عہد دلایا گیا۔کلکٹر نے کووڈ وباء کی طرح ملک سے نشہ کی لت ختم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

☆☆☆

مملکتی وزیر برائے داخلی امور بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ قومی ترنگا ہماری عزت نفس کی ایک علامت ہے جبکہ انہوں نے ہر شخص پر زور دیا کہ اپنے گھروں پر قومی پرچم لہرائیں۔ بنڈی سنجے نے کریم نگر میں واقع تلنگانہ چوک پر ہر گھر ترنگا ریالی کا افتتاح کیا اوراس ریالی میں حصہ بھی لیا۔ یہ ریالی تلنگانہ چوک سے ٹاورسرکل تک نکالی گئی،جس میں بی جے پی کے ریاستی وضلع سطح کے لیڈر،عوامی نمائندے،کارکنوں اور مختلف کالجوں کے طلبہ نے حصہ لیا۔اس سے پہلے بنڈی سنجے نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی یوا مورچہ کی جانب سے ملک بھر میں ہر گھر ترنگا پروگرام

منعقد کیا جارہا ہے۔

☆☆☆

بھارت راشٹرا سمیتی بی آر ایس نے تلنگانہ میں کانگریس حکومت کے تحت زرعی شعبہ کی سنگین صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے الزام عائد کیا ہے کہ آبپاشی کے لئے پانی کی غیر یقینی صورتحال، بیجوں کی عدم دستیابی ،فرٹیلائزرس اور اور دیگر معاملات کی بنا پر تلنگانہ کے کسان شدت سے متاثر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 10 اگست تک محض 84.6 لاکھ ایکر پر ہی بیج بوئے گئے جو رواں خریف سیزن میں 1.29 کروڑ ایکر کے منجملہ صرف 65.4 فیصد ہی ہے۔ کے ٹی آر نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اِس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ کانگریس کی قیادت تلنگانہ کی ترقی کو برقرار رکھنے میں ناکام رہی۔ انہوں نے ناگرجنا ساگر پر سونکے شلا پراجکٹ پر منہدم ہوئی دیوار کی تعمیر میں تاخیر کرنے پر بھی ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

☆☆☆

سال 2024-25ء کے لئے کسانوں کی انشورنس اسکیم 15 اگست سے شروع ہوگی۔ 18 سے 59 سال عمر تک کے کسان اس اسکیم کے اہل ہوں گے۔ اسکیم کے تحت زائد از 4.5 ملین افراد کا احاطہ کیا جائے گا۔ اس اسکیم کو مزید 2 لاکھ 74 ہزار کسانوں تک توسیع دی جائے گی۔ اس سال کے لئے پریمیم رقم کا جلد اعلان کیا جائے گا۔ اس اسکیم کے تحت مہلوک کسانوں کو 5 لاکھ روپے معاوضہ ملے گا۔

☆☆☆

آبپاشی کے ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ تنڈی لفٹ اریگیشن پراجکٹ کو جسے ضلع نلگنڈہ کو پینے اور آبپاشی کے لئے شروع کیا گیا ہے، ایس ایل بی سی ٹنل کے کاموں کے ساتھ مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے ضلع میں آبپاشی پراجکٹوں کا جائزہ لیا اور کہا کہ ایس ایل بی سی ٹنل کو مکمل کرنے کے لئے نظر ثانی شدہ تخمینی رقم 460 کروڑ روپے تیار رکھی گئی ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ امبا بھوانی اور کمبلا پلی آبپاشی اسکیمات کو بھی جلد ہی مکمل کرلیا جائے گا۔

☆☆☆

وزیر اعظم مودی اس ماہ کی 25 تاریخ کو 11 بجے دن آکاش وانی کے من کی بات پروگرام کے ذریعہ ملک اور بیرون ملک کے عوام کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کی 113 قسط ہوگی۔ عوام ٹال فری نمبر 1800117800 پر اپنے خیالات اور تجاویز دے سکتے ہیں۔ یہ پروگرام آکاش وانی، دوردرشن، اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایر موبائل ایپ کے مکمل نٹ ورک پر پیش کیا جائے گا۔ آکاش وانی ہندی نشریات کے فوری بعد علاقائی زبانوں میں اس پروگرام کو نشر کرے گا۔

☆☆☆

جئے شنکر بھوپال پلی کے ضلع کلکٹر راہو شرما نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ سمپورنا ابھیان پروگرام کے مقاصد کو حاصل کیا جائے۔ انہوں نے مختلف محکموں کے عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے کہا کہ پلی میلا اور مہامکترم منڈلوں میں عوام کو طبی سہولتیں فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام چاہئے کہ شعور بیداری کے ذریعہ وبائی بیماریوں سے چوکس رہیں۔

☆☆☆

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ متحدہ ضلع کھمم میں کئی سیاحتی مقامات ہیں، تاہم انہیں فروغ نہیں دیا گیا ہے۔ انہوں نے نیلا کا کونڈاپلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت ان مقامات کو ترقی دے گی۔ وزیرسیاحت جوپلی کرشناراؤ نے کہا کہ موضع نیلا کا کونڈاپلی میں جنوبی ہند کا سب سے بڑا بدھسٹ مرکز واقع ہے۔ لہٰذا اس مقام کو سیاحتی مرکز کے طور پر ترقی دی جائے گی۔

☆☆☆

سماجی انصاف کی وزارت نے ملک بھر میں نشہ مکت بھارت ابھیان پروگرام کے تحت آج بڑے پیمانے پر نشیلی دواؤں کے خلاف عہد لینے والے پروگرام کا انعقاد کیا۔ وزارت نے 15 اگست 2020ء میں نشہ مکت بھارت ابھیان شروع کیا تھا جسے گزشتہ سال ماہ اگست سے ملک بھر کے تمام اضلاع میں نافذ کیا گیا۔ اس سال اس پروگرام کا موضوع ''وکست بھارت کا منترا، بھارت ہو نشہ سے سواترا'' دیا گیا ہے۔

☆☆☆

سپریم کورٹ نے دہلی شراب اسکام معاملہ میں بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا کی جانب سے داخل کی گئی ضمانت کی اپیل پر آج سی بی آئی اور ای ڈی کو نوٹسیں جاری کیں۔ جسٹس بی آر ایس گوائی اور جسٹس وشواناتھن پر مشتمل ایک بنچ نے کویتا عبوری ضمانت دینے سے انکار کر دیا اور اس معاملہ کی اگلی سماعت 20 اگست کو مقرر کی ہے۔

☆☆☆

ہر گھر ترنگا مہم کے تحت تلنگانہ بی جے پی مہیلا مورچہ کی جانب سے آج حیدرآباد کے علاقہ تارنکہ اور کوتہ پیٹ میں اسکوٹر ریالی نکالی گئی۔ مورچہ کی صدر شلپا ریڈی نے کہا کہ بی جے پی کی جانب سے کل تک ہر اسمبلی حلقہ میں ترنگا یاترائیں نکالی جائیں گی۔

☆☆☆

ایڈیشنل ڈی جی پی اور تلنگانہ آر ٹی سی منیجنگ ڈائرکٹر وی سی سجنار نے آج اپنے اعضاء عطیہ کرنے کا عہد کیا اور عوام پر زور دیا کہ وہ بھی ان کی تقلید کریں۔ انہوں نے کامنینی ہاسپٹل حیدرآباد کی جانب سے منعقدہ شعور بیداری پروگرام کے دوران اس بات کا اعلان کیا۔

☆☆☆

تلنگانہ ہائی کورٹ نے آج آئی اے ایس آفیسر سمیتا سبھر وال کے خلاف مفاد عامہ کے تحت ایک درخواست داخل کی گئی۔ وسندھرا نامی ایک سماجی کارکن نے بھی سیول سرویس امتحانات میں پی ڈبلیو ڈی تحفظات کے معاملہ میں ریمارکس پر سبھر وال کے خلاف درخواست داخل کی۔

☆☆☆

ریاستی حکومت نے ورنگل میں میگا ٹکسٹائل پارک قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ کوریہ کی ٹکسٹائلز کمپنیوں کے لئے سرمایہ کاری کا ایک مناسب مقام ہے۔ شہر سیول میں منعقدہ ایک پروگرام میں یہ اہم فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور ان کی ٹیم بشمول ریاستی وزیر صنعت سری دھر بابو نے کوریہ کی 25 بڑی ٹکسٹائل کمپنیوں کو ریاست میں سرمایہ کاری کے لئے مدعو کیا ہے۔ سی ایم نے اعلان کیا ہے کہ اس سلسلہ میں ایک ٹاسک فورس قائم کی جائے گی۔ مذکورہ ٹیم نے کوریہ کی سب سے بڑی انڈسٹریل کمپنی ایل ایس کارپ کے ساتھ بھی بات چیت کی۔ اس کمپنی کی ٹیم جلد ہی ریاست کا دورہ کرے گی۔

☆☆☆

بی جے پی ایم پی ڈی کے ارونا نے محبوب نگر میں بی جے پی مورچہ اور یووا مورچہ کی جانب سے منعقد کی گئی ہر گھر ترنگا ریالی میں شرکت کی۔ارونا نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ملک کے سارے عوام، وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ایک ہو جائیں۔

☆☆☆

ضلع نلگنڈہ کے کلکٹر نارائنا ریڈی اور سپرینٹنڈنٹ آف پولیس شرد چندراپوار نے کہا ہے کہ ضلع میں گانجہ کے خاتمہ کے لئے مشن پریورتن پروگرام منعقد کیا جارہا ہے۔گانجہ اور نشیلی دواؤں کے تعلق سے ایک میڈیا ورک شاپ میں خطاب کرتے ہوئے ان عہدیداروں نے کہا کہ جو افراد گانجہ فروخت کرتے ہیں یا استعمال کرتے ہیں ان کے تعلق سے قریبی پولیس اسٹیشن کو یا ٹال فری نمبر 8712670266 پر اطلاع دی جائے۔